انجمن بہبودی مریضاں دینہ پاکستان کی سرپرستی میں فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا

مورخہ 15 نومبر کو انجمن بہبودی مریضاں دینہ پاکستان نے فری ائی کیمپ نزد العصر سکول جی ٹی روڈ دینہ منعقد کیا اللہ کے فضل سے یہ فری ائی کیمپ 55واں ہے ہر سال سینکڑوں مریض مفت اپریشن کرواتے ہیں اج کی تقریب کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر دینہ تھی لوگوں کی اکثریت صبح سویرے ہی پہنچ گئی تھی تقریب کا اغاز تلاوت قران پاک سے ہوا مقررین نے انتہائی خوبصورت انداز میں فری ائی کیمپ لگانے والی شخصیات کا ذکر کیا مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں کہا کہ انجمن بہبود مریضاں دینہ کا ہرسال فری ائی کیمپ لگانا بہت بڑا قدم ہے ایک فری ائی کیمپ پر لاکھوں روپے خرچ ہوتے ہیں یہاں سے علاج کروانے والے تمام مریض بعد از اپریشن دوبارہ بینائی حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں بلاشبہ اللہ کے نزدیک یہ ایک بہت پسندیدہ فعل ہے